25-06-26

12.30 PM

************************

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں اشفاق امین

قائمہ کیٹی

پارلیمنٹ ممبر ششی تھرور کی سربراہی میں خارجی معاملوں سے متعلق پارلیمنٹ کی قائمہ کمیٹی ان دنوں جموں کشمیر اور لداخ کے4روزہ دورے پر ہے ۔ کمیٹی کے ممبر ان دونوں یوٹیز میں سرحدی سلامتی اور خارجہ پالیسی کے معاملات پر تبادلہ خیال کر رہے ہےں ۔ یہ کمیٹی 25 جون تک جموں ، سرینگر، لیہہ اور کرگل کے دورے پر ہے ۔

قائمہ کمیٹی نے لوک بھون سرینگر مینلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقا ت کی اور اُن سے جموں کشمیر کی تعمیراتی سرگرمیوں کے کے بارے میں تبادلہ خیال کیا گیا۔ لیفٹنٹ گورنر نے ممبران سے کہا کہ 2019 کے بعد جمونکشمیر میں امن و امان کے علاوہ دوسری سرگرمیاں معمول کے مطابق جاری ہیں۔

اسی دوران قائمہ کمیٹی کے ممبروں نے سرینگر میں  وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے بھی ملاقات کر کے وزیر اعلیٰ کو اپنے دورے سے متعلق تفصیل دی ۔وزیر اعلیٰ اور کمیٹی ممبران نے جموں کشمیر میں تعمیراتی منظر نامے کے بارے میں تفصیلی تبادلہ خیال کیا ۔

ایل جی سکیم

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے وکست بھار ت گارنٹی فار روزگار و اجوکا مشن دیہی سکیم کو منظوری دی ہے۔ یہ سکیم یکم جولائی سے نافظ ہو گی جو منریگا کی جگہ لے گی۔ا س سکیم کے تحت دیہی گھرانوں کو سالانہ ایک سو 25 دن کے روزگار کی ضمانت دی جائے گی۔ حکومت کے مطابق سکیم کا مقصد روزگار کے مواقعے بڑھانا، دیہی بنیادی ڈھانچے کومضبوط بنانا اور پائیدار ترقی کو فروغ دینا ہے۔

میٹنگ

جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کی استحقاق کمیٹی کی میٹنگ اسمبلی سیکرٹریٹ میں چیئرمین جسٹس حسنین مسعودی کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ میٹنگ میں زیر التوا استحقاق معاملات کے جلد از جلد تصفیے اور اراکینِ اسمبلی کے استحقاق کے تحفظ پر زور دیا گیا۔ کمیٹی نے تین استحقاق تحریکوں پر نوٹس جاری کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو آٹھ جولائی کو آئندہ میٹنگ میں حاضر ہونے کی ہدایت دی۔

جموں

ڈویژنل کمشنر جموں رمیش کمار اور انسپکٹر جنرل آف پولیس جموں زون بھیم سین توتی نے شری امرناتھ جی یاترا 2026 کے انتظامات کاایک میٹنگ میں جائزہ لیا۔ انہوں نے بھگوتی نگر یاتری نواس اور توی رِور فرنٹ ٹوکن و رجسٹریشن مرکز کا دورہ کرکے رہائش، طبی سہولیات،

پینے کے صاف پانی، سیکورٹی، ٹریفک اور رجسٹریشن کے انتظامات کا معائنہ کرنے کے ساتھ ساتھ متعلقہ محکموں کو تمام انتظامات بروقت اور موثر انداز میں مکمل کرنے کی ہدایت دی۔

جی آئی ٹیگ

محکمہ ہینڈی کرافٹس اینڈ ہینڈلوم کشمیر کو جی آئی قیق آر کوڈ منیجمنٹ سسٹم کیلئے قومی اعزازسکاچ سے نوازا گیا ہے۔ محکمہ کو یہ ایوارڈ کارپٹ ٹیسٹنگ لیبارٹری آئی آئی سی ٹی سرینگر کے پشمینہ اور دیگر دستکاری مصنوعات کیلئے دیا گیا ہے۔ محکمہ کے اس نظام کو نیشنل ای۔ گورننس ڈویژن ، وزارت الیکٹرانکس و اطلاعاتی ٹیکنولوجی کی طرف سے جی آئی قیو آر کوڈمنیجمنٹ سسٹم کے ضمرے میں شامل کیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق یہ نظام اصل کشمیری جی آئی مصنوعات کی تصدیق ، شففافیت اور عالمی منڈی میں انکی شناخت کو مزید مضبوط بنانے میں معاون ثابت ہو گی۔

سوریج پلانٹ

پانی کے تحفظ ،دیر پا اِنتظام اور دوبارہ اِستعمال کے فروغ دینے پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے واٹر ریسورس ریکوری سیل کی میٹنگ کمشنر سیکرٹری مکانات و شہری ترقی مندیپ کور کی صدارت میں منعقد ہوئی۔میٹنگ میں گندے پانی کو صاف کر کے پکوان کے بغیر باقی مقاصد کے لئے دوبارہ استعمال کرنے کی حکمت عملیوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

میٹنگ میں جانکاری دی گئی کہ محکمہ مکانات و شہری ترقی پانی کی فراہمی، سیوریج اور آبی ذخائر کی بحالی کے مختلف منصوبے عملا رہا ہے اور اس منصوبے کو مزید مستحکم بنانے کیلئے محکمہ کو اب تک دس کروڑ 50 لاکھ روپے کی رقم حاصل ہوئی ہے۔

پلس پولیو

ضلع بڈگام میں 28جون کو منعقد ہونے والی پلس پولیو مہم کی تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے ڈپٹی کمشنر اتھر عامر خان کی صدارت میں ایک میٹنگ منعقد ہوئی ۔ میٹنگ میں پانچ سال سے کم عمر کے تما م بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے ، دشوار گزار اور نقلِ مکانی کرنے والی آبادی تک رسائی، ویکسین کی بلا تعطل فراہمی اور موثر نگرانی کو یقینی بنانے پر زور دیا گیا۔

بانڈی پورہ

ضلع بانڈی پورہ میں موٹر وہکلز محکمہ نے ٹریفک قوانین پر عمل درآمد یقینی بنانے کیلئے خصوصی اینفورسمنٹ مہم چلائی ۔ اس دوران 216 گاڑیوں کی جانچ کی گئی جن میں سے 84گاڑیاں مختلف خلاف ورزیوں کی مرتکب پائی گئی۔ خلاف ورزی کرنے والوں سے مجموعی طور پر 70ہزار5سو روپیے جرمانہ وصول کیا گیا۔ محکمہ نے عوام سے سڑکوں پر محفوظ سفر کیلئےٹریفک قوانین پر پابندی سے عمل کرنے کی اپیل کی۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ